## پی آئی اے کے ری ڈپلائیڈ اسٹاف اور ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کیا جائے۔ ڈاکٹر عمران فاروق

## پی آئی اے کے دیگر مستقل ملازمین کی طرح تمام مراعات دی جائیں

## یہ ملازمین کئی برسوں سے قلیل تنخواہوں پر انتہائی مشکل حالات میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں

لندن۔۔۔۔7 فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے مطالبہ کیا ہے کہ پی آئی اے کے ری ڈپلائیڈ اسٹاف اور ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کیا جائے اور انہیں پی آئی اے کے دیگر مستقل ملازمین کی طرح تمام مراعات دی جائیں۔ اپنے بیان میں ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ پی آئی اے کے یہ چار ہزار سے زائد ملازمین جن میں ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل ملازمین شامل ہیں، کئی برسوں سے قلیل تنخواہوں پر انتہائی مشکل حالات میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں اور ملازمین کی تمام تر درخواستوں کے باوجود انہیں نہ تو مستقل کیا جارہا ہے اور نہ ہی ان کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جارہا ہے جبکہ ان ملازمین کو پی آئی اے کے دیگر ملازمین کی طرح سہولتیں بھی حاصل نہیں ہیں۔ اس صورتحال کی وجہ سے ان ملازمین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ ڈاکٹر عمران فاروق نے صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے مطالبہ کیا کہ پی آئی اے کے ری ڈپلائیڈ اسٹاف اور ڈیلی ویجز کو مستقل کیا جائے اور انہیں پی آئی اے کے دیگر مستقل ملازمین کی طرح تمام مراعات دی جائیں۔

## کراچی میں تین فیکٹریوں میں آتشزدگی کے واقعات پر متحدہ قومی موومنٹ کا اظہار تشویش

## کراچی میں کاروباری علاقوں، مارکیٹوں خصوصاً صنعتوں میں تسلسل کے ساتھ ہونے والے آتشزدگی کے واقعات کسی گہری سازش کا حصہ معلوم ہوتے ہیں جس کا مقصد کراچی کی معیشت کو تباہ کرنا ہے۔ رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## اس سازش میں وہی عناصر ملوث ہیں جو کراچی کی صنعتی ترقی، یہاں ہونے والی سرمایہ کاری اور شہر کی مجموعی ترقی کے دشمن ہیں

## کراچی میں تسلسل کے ساتھ آتشزدگی کے واقعات ذہنوں میں سوالات کو جنم دے رہے ہیں۔ واقعات کی تحقیقات کرائی جائے

کراچی۔۔۔۔7 فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں لانڈھی جیل کے قریب گارمنٹس فیکٹری، کورنگی میں ٹیکسٹائل فیکٹری اور سائٹ میں تولیہ فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں کاروباری علاقوں، مارکیٹوں خصوصاً صنعتوں میں تسلسل کے ساتھ ہونے والے آتشزدگی کے واقعات کسی گہری سازش کا حصہ معلوم ہوتے ہیں جس کا مقصد کراچی کی معیشت کو تباہ کرنا ہے اور اس سازش میں وہی عناصر ملوث ہیں جو کراچی کی صنعتی ترقی، یہاں ہونے والی سرمایہ کاری اور شہر کی مجموعی ترقی کے دشمن ہیں۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں اس سے قبل اس طرح کاروباری علاقوں، مارکیٹوں اور فیکٹریوں میں تسلسل کے ساتھ آگ لگنے کے واقعات کبھی بھی نہیں ہوئے لیکن اب کراچی کے کاروباری علاقوں، مارکیٹوں اور فیکٹریوں میں تسلسل کے ساتھ آگ لگنے کے واقعات ہورہے ہیں اور شائد ہی کوئی دن ایسا ہو کہ جب کراچی میں آتشزدگی کا واقعہ نہ ہوتا ہو۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی کی فیکٹریوں اور مارکیٹوں میں جس طرح باقاعدہ تسلسل کے ساتھ آتشزدگی کے واقعات ہورہے ہیں وہ کراچی کے شہریوں کے ذہنوں میں سوالات کو جنم دے رہے ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ تسلسل کے ساتھ ہونیوالے یہ واقعات کسی گہری سازش کا حصہ ہیں جس کا مقصد کراچی کی معیشت کو تباہ کرنا اور کراچی میں بڑے پیمانے پر ہونے والی سرمایہ کاری کا عمل روکنا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر پرویز مشرف، نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی کی فیکٹریوں میں تسلسل کے ساتھ ہونے والے آتشزدگی کے واقعات کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

## انتخابی مہم کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل سکھر، میرپورخاص اور قاسم آباد میں جلسے ہوں گے

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین تینوں جلسوں سے بذریعہ ٹیلیفون بیک وقت خطاب کریں گے

## انتخابی مہم کے سلسلے میں ہفتہ 9 فروری کو حیدرآباد اور نوابشاہ میں جلسے ہوں گے

کراچی ۔۔۔7 فروری 2008ء۔۔انتخابی مہم کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل بروز جمعہ سہ پہر 3 بجے سندھ کے شہروں سکھر، میر پورخاص اور قاسم آباد میں جلسے ہوں گے۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ان تینوں جلسوں سے بذریعہ ٹیلیفون بیک وقت خطاب کریں گے۔سکھر میں جلسہ شہر کے مشہور گھنٹہ گھر چوک پر ہوگا، میر پورخاص میں سیٹلائٹ ٹاؤن اور قاسم آباد میں فراز ولاز کے علاقے میں جلسہ ہوگا۔ایم کیوایم کے زونوں کے کارکنان ان انتخابی جلسوں کے سلسلے میں تیاریوں میں مصروف ہیں۔انتخابی مہم کے سلسلے میں ہفتہ 9 فروری کو حیدرآباد اور نوابشاہ میں جلسے ہوں گے۔حیدرآباد میں جلسہ تاریخی پکا قلعہ گراؤنڈ میں ہوگا جبکہ نوابشاہ میں پھاٹک روڈ پرانی سبزی منڈی کے مقام پر جلسہ ہوگا

## بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے انسانیت کے دشمن ہیں، رابطہ کمیٹی

## ڈیرہ مراد جمالی میں بم دھماکے پر اظہار مذمت

## ایم کیوایم بلوچستان کے ذمہ داران نے اسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی اور خون کے عطیات دیئے

کراچی ۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈسٹرکٹ نصیرآباد کے شہر ڈیرہ مراد جمالی میں ایم کیوایم کے ضلعی دفتر کے قریب بم دھماکے کی شدید مذمت کی ہے اور بم دھماکے کے نتیجے میں متعدد بے گناہ شہریوں کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد کے تحت ملک میں امن وامان کی صورتحال تباہ کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں اور اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے معصوم شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیل رہے ہیں وہ پاکستان، اس کے عوام اور انسانیت کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے مطالبہ کیا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد وکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء ڈیرہ مراد جمالی میں بم دھماکے کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے انچارج محمد یوسف شاہوانی، اراکین ندیم احمد شیخ، جاوید سالانی اور ایم کیوایم نصیرآباد یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان جائے حادثہ پہنچ گئے اور انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ بعدازاں ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے اراکین نے مقامی اسپتال جاکر بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنان نے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات بھی دیئے۔

## زاہد ملک کے ماموں کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے ڈپٹی آرگنائزر زاہد ملک کے ماموں کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے ڈپٹی آرگنائزر زاہد ملک کے ماموں کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم راولپنڈی اور اسلام آباد ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ارکان کے علاوہ علاقے کے عوام اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا کراچی کا امن تباہ کرنے اور لسانی فسادات کرانے کی کوشش کررہی ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## غازی نگر اور عثمان آباد میں انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی کے حلقہ 249 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا ایک بار پھر کراچی کا امن تباہ کرنے اور لسانی فسادات کرانے کی کوشش کررہی ہے۔یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں میجر عبدالرحمٰن روڈ، قلفی والی گلی، غازی نگر اور عثمان آباد میں منعقدہ بڑے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماعات

سے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 111 طاہر قریشی اور امیدوار برائے پی ایس 110 شعیب ابراہیم نے بھی خطاب کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ حق پرست قیادت شہر کی تعمیر و ترقی میں مصروف ہے لیکن ڈرگ مافیا اور لینڈ مافیا جسے اس شہر کا مفاد عزیز نہیں وہ شہر کی تعمیر و ترقی کے سفر کو روکنے کیلئے شہر میں فساد برپا کرنے اور امن تباہ کرنے کی مسلسل کوششیں کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ غنڈہ گردی اور دہشت گردی سے ایم کیو ایم کو حق پرستی کی جدوجہد سے روکا نہیں جاسکتا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ منافقانہ سیاست کرنے والے سیاسی ملا اپنی اولادوں کو تو تعلیم کیلئے امریکہ اور انگلینڈ بھیجتے ہیں جبکہ غریبوں کے بچوں کو جہاد کا ایندھن بناتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم بلا رنگ نسل خدمت پر یقین رکھتی ہے جس کا مظاہرہ 8، اکتوبر کے زلزلے کے موقع پر پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہمیشہ سے جاگیردارانہ، سرمایہ دارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خلاف رہی ہے، دو فیصد مراعات یافتہ طبقہ پاکستان پر قابض ہے اور 60 سال سے غریب و متوسط 98 فیصد طبقے کا استحصال کررہا ہے یہ عناصر اپنی تجوریاں بھرنے کیلئے کبھی آٹے، کبھی چینی کا مصنوعی بحران پیدا کرتے ہیں یہی لوگ گندم برآمد کرتے ہیں اور یہی درآمد کرتے ہیں اور عوام یوٹیلیٹی اسٹورز کے باہر لمبی لمبی قطاریں لگا کر مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہوجاتے ہیں ، انہی عناصر نے ملک کو غربت، کبھی بے روزگاری، کبھی گیس اور بجلی کے بحران میں مبتلا رکھا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ 18 فروری کو غریب اور متوسط طبقے کے نمائندوں اور حق پرستوں کو ووٹ دیں جنہوں نے غربت مزا چکھا ہے یہی غریب عوام کے مسائل حل کراسکتے ہیں اور حق پرست ہی عوام کے حقیقی نمائندے ہیں۔

## انتخابات کے موقع پر ٹکٹوں کا نیلام بازار لگانے والی جماعتوں کو عوامی خدمت کے نعرے بلند کرتے ہوئے شرم آنی چاہئے، علیم الرحمٰن

## اللہ والا ٹاؤن کورنگی کراسنگ اور رحیم آباد سرفراز ٹاؤن میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی ۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 124 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم سے قبل نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے غریب و مظلوم عوام اور اپنے کارکنان کو صرف سبز باغ دکھائے اور حق پرستی کی جدوجہد کے باعث یہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں بھی اپنے کارکنان و عوام کو دلی نہیں بلکہ بناوٹی احترام دینے پر مجبور ہوچکے ہیں۔یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے اللہ والا ٹاؤن کورنگی کراسنگ اور رحیم آباد سرفراز ٹاؤن میں انتخابی کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔علیم الرحمٰن نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں انتخابات کے موقع پر اپنے غریب کارکنان کو نظرانداز کرکے وڈیرے، جاگیردار اور سرمایہ دار لوگوں کو پیسوں کے عوض بیچتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انتخابات کے موقع پر ٹکٹوں کا نیلام بازار لگانے والی جماعتوں کو عوامی خدمت کے نعرے لگاتے ہوئے شرم محسوس کرنی چاہئے۔

## ملک وقوم کی تعمیر و ترقی کیلئے عام آدمی کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ڈاکٹر محمد ایوب شیخ، محمد معین عامر

## کورنگی P ایریا سیکٹر اور 33-B سیکٹر میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 254 ڈاکٹر محمد ایوب شیخ اور امیدوار برائے پی ایس 125 محمد معین عامر پیرزادہ نے کہا ہے کہ ملک وقوم کی تعمیر و ترقی کیلئے عام آدمی کو بھی اپنا کردار کرنا چاہیے اور 18 فروری کے دن حق پرست امیدواروں کے حق میں اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال کرکے بھاری اکثریت سے کامیاب کرانا چاہیے۔وہ گزشتہ روز کورنگی P ایریا سیکٹر اور 33-B سیکٹر میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب کررہے تھے۔حق پرست امیدواران نے کہا کہ ظلم و ناانصافی کے خلاف کیلئے ہی قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرستی کی تحریک کی بنیاد رکھی ہے اور اس تحریک میں اب ہزاروں شہداء کا لہو شامل ہے اور شہداء کی مقدس قربانیوں کے صدقے ایم کیو ایم اپنی منزل پر ضرور پہنچے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم اپنے شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دے گی اور حق پرستی کے مشن کو مکمل جوش وخروش اور جذبے کے ساتھ نہ صرف جاری رکھے گی بلکہ اس میں مزید بہتری اور تیزی لائی گی۔

## ایم کیو ایم کے ترقیاتی کام مخالفین کیلئے پل صراط ہیں، سید سردار احمد

## مسلم جیم خانہ، اوکھائی جماعت اور آل پاکستان میمن فیڈریشن کے عہدیداران سے ملاقات کے موقع پر بات چیت

کراچی ۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 116 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار سید سردار احمد نے کہا ہے کہ متحدہ قومی

موومنٹ کے ترقیاتی کام مخالفین کیلئے پل صراط ہیں، اگر سیاسی مخالفین متحدہ قومی موومنٹ سے میدان سیاست میں مقابلہ کرنا چاہتے ہیں تو انہیں خود کو عوام کا خادم ثابت کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے اپنی انتخابی مہم کے سلسلے مسلم جیم خانہ کے صدر حاجی صدیق بلوانی، اوکھائی میمن جماعت کے سابق صدر حاجی سلیمان پاشا اور آل پاکستان میمن فیڈریشن کے چیئرمین حاجی مجید ابدالی سے ہونے والی ملاقات میں بات چیت کرتے ہوئے۔ سید سردار احمد نے کہا کہ مفاد پرست مراعات یافتہ طبقے نے گزشتہ ساٹھ سالوں سے ملک میں لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے اور وہ ہمیشہ ملک میں انتشار پھیلا کر اور ملک کی دولت لوٹ کر فرار ہو جاتے ہیں اور جیسے ہی الیکشن قریب آتے ہیں نئے لبادے اوڑھ کر عوام کو بے وقوف بنانے کیلئے میدان میں آجاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نام نہاد سیاسی لیڈران کا آئندہ انتخابات عوام کو سخت احتساب کرنا ہوگا کیونکہ عوامی کا سخت احتساب ملک میں صحیح اور مضبوط جمہوریت کی ضمانت دے سکتا ہے۔

## الطاف حسین نے درس و تبلیغ کے ذریعے عوام میں اچھے اور برے کی تمیز کا شعور اجاگر کر دیا ہے، فیصل سبزواری

### گلستان جوہر کے بلاک 16 عبداللہ ہائٹس، بلاک ون اور بلا 14 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 126 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار فیصل سبزواری نے کہا ہے کہ کرپشن اور قومی دولت کی لوٹ مار میں ملوث سیاسی و مذہبی جماعتوں کو 18 فروری کے دن معلوم ہو جائے گا کہ اب ملک کے عوام باشعور ہو چکے ہیں اور اپنے اچھے برے کی تمیز کرنا سیکھ چکے ہیں یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں گلستان جوہر کے بلاک 16 عبداللہ ہائٹس، بلاک ون اور بلا 14 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ ملک بھر کے غریب عوام فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث اپنے بنیادی حقوق کے شعور سے محروم تھے لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے درس و تبلیغ کے ذریعے عوام میں اچھے اور برے کی تمیز کا شعور اجاگر کر دیا ہے اور آئندہ انتخابات میں عوام اسی جماعت کو کامیاب کرائیں گے جنہیں وہ عملی طور پر بلاتفریق خدمت سرانجام دیتے دیکھتے رہے ہیں۔

## ملک کے جاگیرداروں اور وڈیرہ شاہی کے دن گنے جا چکے ہیں، عبدالرشید گوڈیل

### پی آئی بی کالونی اور سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔قومی اسمبلی کے حلقہ 252 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار عبدالرشید گوڈیل نے کہا ہے کہ ملک کے جاگیرداروں اور وڈیرہ شاہی کے دن گنے جا چکے ہیں اور آئندہ انتخاب میں ایوانوں میں وہی لوگ پہنچیں گے جو صحیح معنوں میں عوام کی خدمت پر عمل رہے ہیں اور مشکل وقت میں انکے ساتھ کھڑے ہونے کا حوصلہ بھی رکھتے ہوں۔ یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں پی آئی بی کالونی اور سوسائٹی میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ عبد الرشید گوڈیل نے کہا کہ خواتین کے حقوق کا بل ہو یا صوبائی خودمختاری یا این ایف سی کا معاملہ ہو متحدہ قومی موومنٹ نے ہر موقع پر عوام کے اجتماعی مفادات کو ترجیح دی ہے اور آج بھی ایم کیو ایم اپنے جائز مطالبات پر قائم ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں کارکردگی کی بنیاد پر ہی ووٹ دیں اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## ایم کیو ایم کا امیج خراب کرنے والے اور اسے ریاستی مظالم کا نشانہ بنانے والے آج ذلیل و رسوا ہیں، عسکری تقوی

### انتخابی مہم کے سلسلے میں آفیسر کالونی اور صغیر سینٹر میں گھر گھر عوامی رابطہ کے دوران لوگوں سے گفتگو

کراچی۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 113 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار عسکری تقوی نے کہا کہ ایم کیو ایم کا امیج خراب کرنے والے اور اسے ریاستی مظالم کا نشانہ بنانے والے آج ذلیل و رسوا ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز انتخابی مہم کے سلسلے میں آفیسر کالونی اور صغیر سینٹر میں گھر گھر عوامی رابطہ کے دوران مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ عسکری تقوی نے کہا کہ برسوں بعد پورے ملک میں حق پرست قیادت ہی عوام کی نظروں کو بھا رہی ہے اور اس کے عملی کاموں نے عوام کے دلوں کو جیت لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سازشیں کرنے والے کل بھی سازشیں کرتے رہیں اور آج بھی کر رہے ہیں لیکن انشاءاللہ عوامی طاقت سے ان تمام سازشوں کو آئندہ بھی ناکام بنا دیا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کے دن اپنا قومی فریضہ ضرور انجام دیں اور اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال حق پرست امیدواران کے حق میں ہی کریں۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام نیوکراچی میں نو مقامات پر پتنگ میلہ کا انعقاد

## عوام کا جوش وخروش، خواتین میں چوڑیاں اور دوپٹے تقسیم کیے گئے، نامزد امیدواروں نے عوام کے ہمراہ پتنگیں اڑائیں

کراچی۔۔۔7،فروری 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ نیوکراچی سیکٹر کے زیراہتمام انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز نو مقامات پر پتنگ میلہ کا انعقاد کیا گیا جس میں عوام نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نیوکراچی سیکٹر کے جن علاقوں میں پتنگ میلے کا انعقاد کیا گیا ان میں سیکٹر جے گراؤنڈ،سیکٹر ڈی کا ربازار گراؤنڈ،سیکٹر 5 ڈی عیدگاہ گراؤنڈ،سیکٹر ایف 5 سفید اسکول گراؤنڈ،سیکٹر ای 5 عیدگاہ گراؤنڈ،سیکٹر ایف 5 وانڈرس گراؤنڈ،سیکٹر جی 5 محمد بن قاسم اسٹیڈیم اور سیکٹر الیون ایف سیکٹر آفس گراؤنڈ کے علاوہ سیکٹر الیون جی فاروق اعظم گراؤنڈ شامل ہیں۔ پتنگ میلہ دوپہر دو بجے شروع ہوا جو بناء کسی وقفے کے غروب آفتاب تک جاری رہا جس میں تمام یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان ،خواتین اور بچوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔فیملی پتنگ میلے میں نامزد حق پرست امیدواران نے عوام کے ہمراہ پتنگ اڑائی۔ پتنگ میلہ کے سلسلے میں تمام یونٹوں کی جانب سے مرکزی گراؤنڈ میں پتنگیں،ڈور کے علاوہ ایم کیوایم پرچم کی سہ رنگی چوڑیاں،دوپٹے ،اسکارف اور مہندی کے خصوصی کیمپس لگائے گئے جہاں میلے میں شرکت کرنیوالی فیملیوں،کارکنان وذمہ داران اور خواتین نے مفت پتنگیں،ڈور حاصل کیں اور پتنگیں اڑا کر فیملی پتنگ میلے میں حصہ لیا جبکہ کیمپس سے خواتین میں چوڑیاں اور دوپٹے بھی مفت تقسیم کیے گئے اور مہندی لگائی گئی۔حق پرست امیدواران نے پتنگ میلہ میں نیوکراچی سیکٹر کمیٹی کے انچارج واراکین کے ہمراہ باری باری تمام جگہوں کا دورۂ کیا اور عوام وکارکنان کے ساتھ پتنگ اڑائی۔اس موقع پر فیملی پتنگ میلے میں زبردست گہما گہمی دیکھنے میں آئی اور عوام میں بے پناہ جوش وخروش دیکھنے میں آیا۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے زیراہتمام انتخابی ریلی کا انعقاد

## سینکڑوں موٹرسائیکلوں،کاروں اور ٹرکوں پر سوار کارکنان وہمدرد عوام کی ریلی میں شرکت

کراچی۔۔۔7،فروری 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے زیراہتمام عظیم الشان انتخابی ریلی نکالی گئی۔ریلی کی قیادت قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 243 سے حق پرست امیدوار عبدالوسیم اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 98 سے نامزد حق پرست امیدوار معین خان اور سیکٹر کمیٹی کے انچارج واراکین نے کی۔ریلی میں سینکڑوں موٹرسائیکلیں،کاریں اور ٹرکوں پر ہزاروں کارکنان وہمدرد عوام خصوصاً نوجوانوں،بزرگوں اور بچوں کے علاوہ خواتین نے بھی بڑی تعداد میں حصہ لیا۔ریلی کے شرکاء نے قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر،ایم کیوایم پرچم اور پتنگوں کے سمبل اپنی گاڑیوں پر لگا رکھے تھے جبکہ بعض کارکنان نے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔انتخابی ریلی نارتھ کراچی کے مختلف علاقوں کی شاہراہوں،چوراہوں اور گلیوں سے ہوتی ہوئی نارتھ کراچی سیکٹر آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ریلی میں شریک کارکنان وعوام میں انتہائی جوش وخروش دیکھنے میں آیا۔ریلی جہاں سے گزری علاقوں کے عوام نے ریلی کا زبردست پرجوش انداز میں خیرمقدم کیا اور جئے الطاف ،جئے متحدہ کے فلک شگاف نعرے لگائے اور حق پرستوں کی فتح کا عزم کیا۔

## مانسہرہ کالونی فنکشنل لیگ کے رہنماؤں اور مختلف برادریوں کی جانب سے ایم کیوایم کے امیدواروں کی حمایت کا اعلان

کراچی۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست قیادت شہر کراچی اور سندھ کے عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل خدمت کررہی ہے اس کی مثال تاریخ میں نظرنہیں آتی۔ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء انور احمد خان اور ظہیر چشتی نے مانسہرہ کالونی میں حق پرست امیدوار پی ایس 128 سردار خان انتخابی مہم کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔سردار خان کی کارنر میٹنگ میں مردان براری،ہزارہ برادریوں کے سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی اور حق پرست امیدواروں کو اپنی حمایت کا یقین دلایا۔قبل ازیں مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء انور احمد خان اور ظہیر چشتی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سندھ خصوصاً کراچی میں بسنے والے تمام عوام کی بلاتفریق بے لوث خدمت کررہی ہے،کراچی میں جس طرح ترقیاتی کام انجام دیئے گئے ہیں اس کی مثال تاریخ میں نظرنہیں آتی۔انہوں نے اپنی جماعت اور برادری کی جانب سے حق پرستوں امیدواروں کی حمایت کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ہمارا یہ بنیادی فرض ہے کہ ہم آئندہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کا ساتھ دیں اور حق پرست امیدواروں کی حمایت جاری رکھیں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ متحدہ جس طرح آج عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے یہ سلسلے آئندہ الیکشن کے بعد بھی جاری رہے گا اور متحدہ قومی موومنٹ مزید بہتر انداز میں شہر کراچی اور سندھ کی خدمت کرے گی۔انہوں نے مانسہرہ کالونی کی تمام برادریوں سے اپیل کی وہ حق پرستوں کی حمایت جاری رکھیں اور 18 رفروری کو انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگا کر حق پرستی کا ثبوت دیں۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار پی ایس 128 سردار خان نے مسلم لیگ فنکشنل اور مردان،ہزارہ برادریوں سمیت تمام برادریوں کی جانب سے حمایت پران کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ کے نزدیک خدمت سے بڑھ کوئی عبادت نہیں اور متحدہ قومی موومنٹ عوام کی خدمت کو عبادت سمجھ کر انجام دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم

کیوایم کی جانب سے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

## لانڈھی کی صوابی، مروت اور ہزارہ برادری کی جانب سے ایم کیوایم کے امیدواروں کی حمایت کا اعلان

کراچی۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔مانسہرہ کالونی لانڈھی کی صوابی، مروت اور ہزارہ برادیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے اپنی برادریوں کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 255 سے نامزد حق پرست آصف حسنین اور پی ایس 128 سے نامزد امیدوار سردار خان کی حمایت کا اعلان کیا ہے یہ اعلان انہوں نے کارنر میٹنگ کے دوران کیا۔ کارنر میٹنگ میں صوابی، مروت اور ہزارہ برادری کے سینکڑوں افراد نے شرکت کی اور حق پرست امیدواروں کو اپنی حمایت کا یقین دلایا۔ برادریوں کے سرکردہ رہنماؤں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ ہماری انتخابی جماعت ہوگی اور پتنگ ہمارا انتخابی نشان ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں ہم نے جتنی پارٹیوں کو آزمایا انہوں نے ہمیں مایوس کیا اور کسی نے بھی ہماری مسائل حل نہیں کیے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست قیادت نے جس طرح شہر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے اقدامات کیے ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ایک پختون کو لانڈھی سے نامزد کرکے ثابت کردیا ہے کہ متحدہ قومی جماعت ہے اور اس میں تمام لوگ شامل ہیں۔اس موقع پر نامزد حق پرست امیدوار سردار خان نے کہا کہ اسلام، مذہب اور قوم کے نام پر ووٹ لینے والوں نے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں ایم کیوایم کو ان علاقوں سے ووٹ نہیں ملے تاہم پھر بھی حق پرست قیادت نے ان پختون آبادیوں میں کروڑوں روپے مالیت کے میگا پروجیکٹ مکمل کیئے اور عوام کی خدمت کی۔انہوں نے حق پرست پختون عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں حق پرست قیادت کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے شہید کارکن فیروزالدین بابا کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے شہید کارکن فیروزالدین (بابا) کے والد وصی الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## نیوکراچی میں پیپلز پارٹی اور سنی تحریک کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے حق پرست یوسی ناظم اسماعیل راجپوت اور ایم کیوایم کے ایک کارکن افضل کا اغواء۔الیکشن آفس لیجا کر تشدد کا نشانہ بنایا گیا

## مسلح افراد نے ایم کیوایم کے کارکنوں پر فائرنگ کی۔پولیس وہاں پہنچی تو انہوں نے پولیس پر بھی فائرنگ کی

## سیاسی مخالفین انتخابات میں اپنی یقینی شکست کو دیکھ کر بوکھلا گئے ہیں اور دہشت گردی پر اتر آئے ہیں۔رابطہ کمیٹی

## عوام اور کارکنان ہرگز مشتعل نہ ہوں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن وامان برقرار رکھیں

کراچی۔۔۔7 فروری 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیوکراچی میں پیپلز پارٹی اور سنی تحریک کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے حق پرست یوسی ناظم اسماعیل راجپوت اور ایک کارکن افضل کو اغواء کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج نیوکراچی سیکٹر E-5 کے علاقے میں ایم کیوایم کے کارکنان انتخابی مہم کے سلسلے میں پارٹی کے جھنڈے اور حق پرست امیدواروں کے بینرز لگارہے تھے کہ پیپلز پارٹی اور سنی تحریک سے تعلق رکھنے والے مسلح افراد نے پیپلز پارٹی کے امیدوار سمیع دہلوی کی سربراہی میں ان پر فائرنگ کردی۔اطلاع ملنے پر پولیس وہاں پہنچی تو ان مسلح دہشت گردوں نے پولیس پر بھی فائرنگ کی۔مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے ایک کارکن افضل اور وہاں دورے پر آئے ہوئے علاقے کے حق پرست یوسی ناظم اسماعیل راجپوت کو گن پوائنٹ پر اغواء کرلیا اور اپنے الیکشن آفس لیجا کر تشدد کا نشانہ بنایا۔حق پرست یوسی ناظم اسماعیل راجپوت اور کارکن افضل کو پولیس اور رینجرز نے جاکر بازیاب کرایا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی دہشت گردی اور انتہائی قابل مذمت ہے اور اس واقعہ میں پیپلز پارٹی کے دہشت گردوں کے ساتھ ساتھ علاقے کے عوام کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے سنی تحریک کے دہشت گرد اور علاقے کا بدنام جرائم پیشہ شخص ستار سٹے والا اور اسکے کارندے ملوث ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیاسی مخالفین انتخابات میں اپنی یقینی شکست کو دیکھ کر بوکھلا گئے ہیں اور دہشت گردی اور اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے چیف الیکشن کمشنر جسٹس قاضی فاروق، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیر اعلیٰ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے

اوراس واقعہ میں ملوث تمام دہشت گردوں کوگرفتار کیا جائے ۔انہوں نے عوام اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردوں کی غنڈہ گردیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اورصبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن وامان برقراررکھیں۔

## ایم کیوایم آزادکشمیر کے ذمہ داران وکارکنان انتخابات میں حق پرستوں کا ساتھ دینگے، ملک تنویر

اسلام آباد۔۔۔7،فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آزادکشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر نے کہاہے کہ ایم کیوایم آزادکشمیر کے ذمہ داران وکارکنان 18رفروری کے عام انتخابات کے سلسلے میں سرحداور پنجاب سے نامزدحق پرست امیدواران کی بھرپورانتخابی مہم چلائیں گے اوران کی معاونت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ذمہ داران وکارکنان پرمشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جارہی ہے اس کمیٹی میں شامل اراکین پنجاب اورسرحد کے مختلف انتخابی حلقہ جات میں ایم کیوایم کے نامزدحق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم میں حصہ لیں گے اورپنجاب اورسرحد کے عوام سے رابطے کریں گے۔ایم کیوایم آزادکشمیر کے آرگنائزر وآزادکشمیراسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرطاہرکھوکھر اوررکن آزادکشمیراسمبلی سلیم بٹ سندھ سے نامزدحق پرست امیدواران کی انتخابی مہم کے سلسلے میں سندھ بالخصوص کراچی میں رہائش پذیرکشمیریوں سے رابطہ کریں گے۔

☆☆☆☆☆